© rasailojaraid.com

يَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا (۲-۱۴۳)

(اسی طرح تمہیں اُمتِ وسطیٰ بنایا گیا ہے تاکہ تم لوگوں پر گواہ رہو اور خود رسول اللہ تم پر گواہ رہیں)

یہ امامتِ اقوام کا مقام طبعی طور پر مسلمانوں کے لئے وقف ہو چکا ہے اور امام ولی اللہ دہلویؒ اپنی حکمت اور فلسفے میں اسی مقام کی نشاندہی کرتے ہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحمۃ للعلمین (تمام اقوام عالم کے لئے رحمت) ہیں اس لئے جو قوم اپنی عمرانیات میں عالمگیریت کلے تصور کو قائم نہیں رکھتی وہ ان پر عمل میں ناکام رہے گی اس لئے ہمارا ملی اور قومی فرض ہے کہ ہم ہر وقت نوعِ انسان کے عالمگیر معاشرے کی رہنمائی کے فرائض کی انجام دہی کے لئے اپنے آپ کو تیار رکھیں۔

## حرفِ آخر

یہ ہے حضرت امام ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے افکار کا اجمالی خاکہ ان کی بنیاد قرن اوّل کے سیاسی، معاشی، معاشرتی اور روحانی عملیات پر ہے جنہیں امام صاحب نے ہمارے دور کرنے کے لئے متعین کیا ہے اب ضرورت ہے کہ ایک مشترک پروگرام بنا کر متعدد واوالے امام صاحب کے افکار کی تحقیق کر کے انہیں عوام کے سامنے پیش کریں تاکہ وہ اپنے فیصلے سے قرآن کی انقلابی تحریک کو قبول کریں اور اسے دنیا میں غالب کریں اور اس طرح حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ مقام محمود حاصل ہو جس کے لئے ہم ہر نماز کی اذان کے بعد دعا کرتے ہیں۔ شاہ صاحب کے فلسفے کی بنیاد، انضمامی فکر اور انسانیت عامہ پر ہے اس سے ان کی سیاسیات، معاشیات، طبعیات مابعدالطبعیات، مابعدالطبیعیا، تفسیر قرآن و تشریح حدیث، اخلاقیات، عمرانیات وغیرہ کے افکار پیدا ہوتے ہیں اور یہی ہمارے معاشرے کی جدید تعمیر کی بنیاد بننی چاہئے اس سے ہمارا جمود ختم ہو کر ع

ہوتا ہے جادہ پیما پھر کارواں ہمارا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



زبانِ ملت ، شاہ عبداللطیف رفت

۱۷ء ۵۲

نکتہ دان ، شاہ عبداللطیف رفت

۱۷ء ۵۲

سردارِ وطن ، شاہ عبداللطیف رفت

۱۷ء ۵۲

گوہرِ یکدانہ ، شاہ عبداللطیف رفت

۱۱ھ ۶۵

## سندھ کے سابق وزیر اعلیٰ جناب میر بندے علی صاحب تالپور

تاریخ وفات :- ۷ رجنوری ۱۹۷۵ء

سالِ وفات ، دل نواز قائدِ سندھ میر بندے علی تالپور

۱۹ء ۷۵

## سندھ کے مشہور ماہرِ قانون جسٹس طفیل علی عبدالرحمٰن صاحب مرحوم

تاریخ وفات :- ۱۶ رجنوری ۱۹۷۵ء

سالِ وفات ، جسٹس طفیل علی عبدالرحمٰن ، "جہاں از نسلِ او آباد باد"

۱۹ء ۷۵

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## ممتاز رُوحانی پیشوا، حضرت پیر رُکن الدین صاحب قریشی

سجادہ نشین درگاہ پیر جمن شاہ - پڈعیدن - سندھ

تاریخ وصال ۔ ۱۶ / مارچ ۱۹۷۵ء

سالِ وفات الحاج جناب پیر رکن الدین صاحب قریشی

۷۵ ۱۹ء

## سندھ کے مشہور رُوحانی پیشوا حضرت پیر ہاشم جان صاحب مجددی سرہندی

تاریخ وصال ۔ ۲۱ / رمضان ۱۳۹۵ھ مطابق ۲۸ / ستمبر ۱۹۷۵ء

سالِ وصال، صُلح کل جناب پیر ہاشم جان سرہندی

۹۵ ۱۳ھ

سالِ وفات، فقیر نواز پیر ہاشم جان سرہندی

۷۵ ۱۹ء

سالِ رحلت، محبوب لیڈر پیر ہاشم جان سرہندی

۷۵ ۱۹ء

## سندھ کے سابق وزیرِ اعلیٰ جناب پیر الٰہی بخش صاحب

تاریخ وفات ۔ ۸ / اکتوبر ۱۹۷۵ء

جانکاہ سالِ وفات، جناب پیر الٰہی بخش صاحب

۷۵ ۱۹ء

© rasailojaraid.com